10/03/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عابدہ اختر**

LPG

کی پیداوار بڑھانے اور اس اضافی پیداوار کو گھریلو استعمال کے لیے مختص کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یہ قدم LPG حکومت نے تمام آئل ریفائنریز کو
کی سپلائی میں کمی کے پیش نظر اٹھایا گیا ہے۔ LPG موجودہ جغرافیائی اور سیاسی حالات کے باعث ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں اور

CISF

آج اپنا 57 واں یوم تاسیس منا رہا ہے ۔ CISF سنٹرل انڈسٹریل سکیورٹی فورس

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اس موقعہ پر فورس کے افسروں ، جوانوں اور ان کے اہلِ خانہ کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی
کی خدمات اور قربانیوں پر ناز ہے ۔ CISF کہا ہے کہ ملک کو

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس سے وابستہ ممبران پارلیمنٹ چودھری محمد رمضان ، سجاد احمد کچلو اور گرونددر سنگھ اوبرائے نے نئی دلی میں ایرانی سفارت خانے
پر جا کرایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنا ای کو جاں بحق کئے جانے پر اپنی تعزیت ظاہر کی۔ تینوں ممبران پارلیمنٹ نے ایران کے سفیر
کے ساتھ ملاقات کرکے نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبد اللہ اور وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ کی جانب سے بھی Dr. Mohammad Fathali
تعزیت پیش کی۔
ا

نہوں نے ایران میں زیر تعلیم کشمیری طالب علموں کی حفاظت کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔±

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کو حال ہی میں نئی دلی میں منعقدہ 17 ویں نیشنل یوتھ پارلیمنٹ مقابلے کا چمپین قرار دیا گیا ہے۔ یونورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر
نیلوفر خان نے اس کامیابی پر طالب علموں کومبار کباد دی ہے۔

اس مقابلے کا انعقاد پارلیمانی امور کی وزارت نے کیا تھا، جسمیں ملک کی 59 یونورسٹیوں نے حصہ لیا۔

JKCIP پروگرام

جموں و کشمیر کے زرعی شعبے میں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی جانب ایک پیش رفت کے طور محکمہ زراعت کے اہتمام سے
کے تحت یوتھ کلبس کے لیے ایک خصوصی تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا۔ JKCIP سرینگر میں

پروگرام کا افتتاح ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر، سرتاج احمد شاہ نے کیا۔ انہوں نے یوتھ کلب ممبران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر
میں موسمیاتی لحاظ سے مضبوط، مسابقتی اور جدید زرعی نظام کی تعمیر میں نوجوان کاروباری افراد کا کردار نہایت اہم ہے۔

aلوگو

پورٹل پر وکست بھارت روزگار اور اجیویکا مشن گرامین کے لیے لوگو ڈیزائن کرنے کا مقابلہ منعقد کر رہی MyGov دیہی ترقی کی مرکزی وزارت
ہے۔ اس مقابلے کا مقصد ایسا لوگو منتخب کرنا ہے جو وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کے تحت جامع ترقی، روزگار کے مواقعے کی فراہمی اور دیہی
ترقی کی
مو

ثر نمائندگی کرے۔ یہ مقابلہ جیتنے والے کو 50 ہزار روپے کا نقد انعام دیا جائے گا۔ مقابلے میں شرکت کیلئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 20 مارچ ﺔ مقرر ہے۔

IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ نے ادارے میں زکوٰۃ اور صدقہ فنڈ قائم کیا ہے جس کا مقصد یونیورسٹی میں زیر تعلیم اقتصادی طور پسماندہ طالب علموں کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنا ہے ۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے عام لوگوں سے اس فنڈ کو اپنے صدقات اور زکوٰۃ کی رقم بنک اکاونٹ نمبر 0693040520000075 میں جمع کرا سکتے ہیں ۔ JK دینے کی اپیل کی ہے ۔ خواہشمند افراد اپنے صدقات یونیورسٹی کے

اننت ناگ

ضلع ترقیاتی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے کی خواتین کو بااختیار اور خود انحصار بنانے کے لیے انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

خواتین کے بین الاقوامی دن کی مناسبت سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خواتین کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا انتظامیہ، اداروں اور عوامی دفاتر کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

اس دوران ڈپٹی کمشنر نے مچھ بھاون، رمبیرپورہ اور شانگس میں پی ایم پیکیج ملازمین کے زیر تعمیر رہائشی کمپلیکس کے کام کا جائزہ لیا۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلعے کے میر ہامہ علاقے کا دورہ کر کے وہاں کشمیری مائگرنٹ ملازمین کے لئے تعمیر کئے جا رہے رہائشی فلیٹس پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر آر اینڈ بی محکمے کے ایگزیکیوٹیو انجینئر نے جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ 196 فلیٹس میں سے اب تک 128 پر کام مکمل کیا جا چکا ہے ۔ اس پروجیکٹ پر 33 کروڑ 13 لاکھ روپے کی لاگت آنے کا اندازہ ہے ۔

اس دوران ڈپٹی کمشنر موصوف کی صدارت میں ضلعے میں عملائے جا رہے نبارڈ کے پروجیکٹوں کے تعلق سے ایک ورکشاپ اور جائزہ میٹنگ منعقد ہوئی ۔

بڈگام

بڈگام کے ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے ضلع اسپتال کا دورہ کر کے وہاں مریضوں کو فراہم کی جا رہی طبی اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے نئے ضلع اسپتال میں 125 بستروں والے زیر تعمیر اسپتال عمارت اور ریشی پورہ میں تعمیر کئے جا رہے ایک سو بستروں والے Critical Care یونٹ پر بھی جاری کام کا جائزہ لیا ۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلعے میں جاری محکمہ مال کے ریکارڈس کی ڈیجیٹائزیشن کے عمل میں سرعت لانے کی ہدایت دی ہے ۔ ضلع انتظامیہ اور محکمہ مال کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کر کے ڈپٹی کمشنر نے اس عمل کا جائزہ لیا اور اس ضمن میں عوام کی شکایات کا ازالہ کرنےپر زور دیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****